© rasailojaraid.com



خادم حسین

# زبان میری ہے بات ان کی

○ "جنگ" نے صحافت کو عروج کی انتہاء تک پہنچایا اور نئی نئی روایات قائم کیں۔ (غلام اسحاق خان)

مثلاً یہی کہ مغرب زدہ طبقے کی ترجمانی کی۔ اخبارات کو بیگمات اودھ کا البم بنا دیا۔

○ شریعت کے مخالف، شرابی اور بے نماز "الو کے پٹھوں" کی ہمیں کوئی ضرورت نہیں۔ (عبدالستار خان نیازی)

زندہ باد! نیازی صاحب! مگر آپ الو کے پٹھوں میں کہاں پھنس گئے؟

○ اے پی سی کا قافلہ پاکپتن پہنچ گیا۔ (ایک خبر)

اے پی سی: اگا دوڑ تے پچھا چوڑ

○ سود ختم نہیں ہو گا۔ صرف نام تبدیل ہو گا۔ (سردار آصف احمد علی)

جس طرح آپ نے صرف اپنا نام تبدیل کیا ہے۔ کرتوت وہی کفار والے ہیں۔

○ ملازمتوں سے پابندی اسی ماہ اٹھالی جائے گی۔ (وائیں)

یہ کیسی پابندی ہے! امیروں کے سب کام ہو رہے ہیں اور غریب بے چارے رو رہے ہیں۔

○ صدر صاحب! مجھے باقاعدہ دعوت نامہ بھجوائیں۔ (نوابزادہ)

آپ کون؟ مسٹر خوامخواہ!

○ فیصل آباد میں بسنت۔ ۴ ہلاک ۷ زخمی۔ (ایک خبر)

○ اہل لاہور نے بسنت منائی۔ ایک شخص ہلاک ۴۳ زخمی (دوسری خبر)

ہندوؤں کے تہوار (بسنت) پر ہلاک اور زخمی ہونے والے تو بہت ہی معیاری مسلمان ہیں۔

○ نرسوں کے سروں پر دوپٹے کی کوئی ضرورت نہیں۔ (امجد حمید دستی)

امجد حمید دستی: ذلت رسوائی پستی

○ فتویٰ باز علماء سود کا متبادل پیش نہیں کر سکتے۔ (سردار آصف)

شراب، زناء، سوّر کے گوشت کا کیا متبادل ہو سکتا ہے؟ مغربی خارش زدہ جانور!

○ انتخاب اور عمران میرے پاس اسی وقت آئے جب ٹیم کا اعلان ہو چکا تھا۔ (جاوید میاں داد)

کینسر ہسپتال کے حوالے سے ہی بات سنی جائے گی؟

○ ٹی وی پر مجھے کٹ یا آؤٹ فوکس کرایا جاتا ہے (اسلام نبی)

جھوٹی عظمت کی پجاری ہے مظفر دنیا
پست قد لوگ بھی گزریں بڑے دروازے سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



O مغل بادشاہ اکبر اعظم کا جنم محل اپنا رنگ و روغن کھو رہا ہے۔ (ایک خبر)

قبرستانوں میں کئی حسینوں کی مٹی خراب ہو رہی ہے۔

O حکم دیتا ہوں کہ افغانستان فوری طور پر میرے حوالے کر دیا جائے۔ (سابق شاہ افغانستان کا فرمان)

واہ۔ رے! ٹی۔ آئی۔ پی

O میرے پیر اور والدین نے گانے کا حکم دیا ہے ٹال نہیں سکتا۔ (عطاء اللہ عیسیٰ خیلوی)

ایسی پیری مریدی پر تبرّیٰ ہے شمار...... بکار ثواب!

O اکادمی ادبیات کا ڈائریکٹر جنرل افتخار عارف بہت بڑا کمیونسٹ ہے۔ (نسیم حجازی)

کن مردہ ضمیروں کا حالات پہ ہے قبضہ

ملتا ہے مریضوں کو اعزازِ مسیحائی

O سپاہ صحابہ انتہا پسند اور دہشت گرد تنظیم ہے۔ (عابدہ حسین)

آئی ایس او امن پسند درویشوں کا ٹولہ ہے؟

O بابا کی رخصتی تک سڑکوں پر احتجاج کرتے رہیں گے۔ (بے نظیر)

بابا سے نسوار کی بُو آتی ہو گی۔

O میر خلیل الرحمن کی صحافت عبادت تھی۔ (فیض القادری)

تمہارے نزدیک تو نورجہاں کا گانا بھی عبادت ہے۔

O ہیرا پور میں بیوی نے شوہر کا قیمہ بنا دیا۔ (ایک خبر)

گوشت کا ناغہ ہو گا!

O مسلمان بنیاد پرستوں سے ہوشیار رہیں۔ (حکومت الجزائر)

مسلماں بے بنیادوں سے ہوشیار رہیں۔

O جمہوریت اغواء ہو چکی ہے۔ (بے نظیر)

میں لٹ گئی رام دہائی

O فیصل آباد۔ ویڈیو سنٹر والا۔ دوکان کے مالک کی ۱۴ سالہ بیٹی اغواء کر کے لے گیا۔ (ایک خبر)

کہاں ہیں اس بات کا پرچار کرنے والے کہ لڑکیاں باہر نکلیں گی تو انہیں بات کرنے کا سلیقہ آئے گا۔

O سندھ کے ڈاکوؤں نے کشمیر آزاد کرانے کی پیشکش کر دی۔ (ایک خبر)

پاسباں مل گئے کعبے کو صنم خانے سے

O ہر وقت محبت کیلئے قائل رہتا ہوں۔ خوبصورت عورت کی کوئی تعریف نہیں ہو سکتی۔ نظم و ضبط کی زندگی پسند نہیں اس لئے بحریہ کی ملازمت چھوڑی۔ موت کے بارے میں کبھی نہیں سوچا۔ (منیر نیازی)

اسی کو کہتے ہیں دو پاؤں پر چلنے والا بے لگام جانور

O پولیس کی مدد سے لڑکیوں کے سکولوں کے باہر گھومنے والے آوارہ گردوں کو روکیں گے۔ (منظور چنیوٹی چیئرمین بلدیہ) (بقیہ صہ ۶۸ پر)

© rasailojaraid.com